جماعت اسلامی دین کی سر بلندی کے لیے کوشاں ہے مرتب: جناب عارف دہلوی۔ ضخامت ۲۴ صفحات۔ قیمت: ۱۹ پیسے۔ جماعت اسلامی کو وقتاً فوقتاً جن اعتراضات کا ہدف بنایا جاتا رہتا ہے، اس کتابچے میں ان میں سے بعض کا جواب دیا گیا ہے۔

مصر و یمن ضخامت: ۵۰ صفحات: ۳۱ پیسے۔ اس مختصر کتابچے میں یمن کی دلفگار کہانی اخبارات کی زبانی بیان کی گئی ہے۔ زیادہ تر تراشے عرب اخبارات سے لیے گئے ہیں۔

حق و باطل مصنف: جناب نعیم صدیقی صاحب۔ ضخامت: ۴۸ صفحات۔ قیمت ۳۷ پیسے
حق کیا ہے؟ باطل کیا ہے؟ ان کی آویزش کی نوعیت کس قسم کی ہے؟ خالص حق کے علمبرداروں کی کمی کیوں ہے؟ نظامِ حق صرف تیس سال ہی کیوں چلا؟ یہ اور اس قسم کے متعدد سوالات ہیں جو جدید ذہن میں چکر لگاتے رہتے ہیں۔ نعیم صاحب نے بڑے دلنشیں انداز میں ان موضوعات پر قلم اٹھایا ہے۔

بقیہ اشارات)

جانے کے بعد ظلم کا پیکر بن جاتا ہے تو اتنی عظیم قوت پر قابض ہو جانے کے بعد یہ آخر ہر قسم کی خود غرضی سے کس طرح پاک رہیں گے؟ اور پھر وہ کونسی ایسی تنظیم یا ادارہ ہوگا جو انہیں غلط راستہ پر چلنے سے روک سکے؟ یا ان کے غلط راستے پر چلے جانے کے بعد انہیں راہ راست پر لا سکے؟ یا انہیں ہٹا کر بہتر آدمی لا سکے؟